بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ادھار بیچنے پر قیمت میں اضافہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک بندے نے موٹر سائیکل ادھار پر بیچا جس کی قیمت اور پیسے دینے کی مدت بھی مقرر تھی لیکن نقد کے مقابلے میں موٹر سائیکل کی قیمت تھوڑی بڑھادی جسے ہمارے علاقے میں ”ڈیو“ کہتے ہیں۔ اسے کچھ لوگ سود کہہ رہے ہیں ، کیا واقعی یہ سود ہے یا نہیں؟ وضاحت فرما دیجئے۔ جزاکم اللہ خیراً


**سائل: محمد جنید، ڈیرہ غازی خان**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر معاملہ ادھار پر طے ہو جائے اور اس کی قیمت بھی متعین کر لی جائے - اگرچہ وہ نقد کے بہ نسبت کچھ زیادہ ہو - تو یہ سود میں شامل نہیں ہے، شرعاً جائز ہے، بشرطیکہ اس معاملہ میں کوئی اور شرط فاسد موجود نہ ہو۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**01- اگست 2021ء**